باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member
کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار
Daily QAUM KI AWAZ karachi
روزنامہ قوم کی آواز کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
جلد: 24 | بدھ 29 محرم الحرام 1448ھ 15 جولائی 2026ء | شمارہ: 150
https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور اندھا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے ازراہ تکبر کنیاتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آجاؤ اور رزق کا کوئی رستہ نا نکلے تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔

بلاول بھٹو زرداری کا ایکشن انتخابی مہم کیلئے مظفر آباد پہنچ گئے

PPP کے ٹکٹ پر پاور شو کرینگے

بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف، صدر پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر چوہدری محمد یاسین، سینئر رہنماء پیپلز پارٹی چوہدری محمد ریاض، ڈی جی پولیٹیکل افیئرز عامر ذیشان جرال بھی تھے

بلاول ہالہ پل سے مظفر آباد کی حدود میں داخل ہوئے تو چوہدری لطیف اکبر، میاں عبدالوحید سید بازل علی نقوی، سردار جاوید ایوب، مختار عباسی، دیوان چغتائی، اشفاق ظفر، مبشر منیر اعوان سمیت دیگر ٹکٹ ہولڈرز، پارٹی رہنماؤں وکارکنوں کی بڑی تعداد نے والہانہ اور پرتپاک استقبال کیا

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری انتخابی مہم کے لیے مظفر آباد پہنچ گئے، وہ جلسوں سے خطاب کریں گے اور پیپلز پارٹی کا انتخابی منشور پیش کریں گے۔ ذرائع کے مطابق بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف، صدر پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر چوہدری محمد یاسین، سینئر رہنماء پیپلز پارٹی چوہدری محمد ریاض، ڈی جی پولیٹیکل افیئرز عامر ذیشان بھی تھے۔ اس سے پہلے جب بلاول بھٹو زرداری کوہالہ پل سے مظفر آباد کی حدود میں داخل ہوئے تو قائم مقام صدر آزاد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اہم خبر

بینک اسلامی، ای ایف یو لائف اور ای ایف یو جنرل کے درمیان شراکت داری

وقاص انیس، حسن سعید اکبر، سعد تنویر، عبدالستار بلوچ، نیلوفر سہیل کی خاص شرکت

کراچی (بزنس رپورٹر) بینک اسلامی نے اپنے صارفین کو بینک کی موبائل بینکاری ایپلی کیشن کے ذریعے مائیکرو تکافل کے باکفایت تحفظ کی سہولت فراہم کرنے کی غرض سے ای ایف یو لائف اور ای ایف یو جنرل انشورنس کے ساتھ شراکت قائم کی ہے۔ اس شراکت کے ذریعے بینک اسلامی کے صارفین اب مائیکرو تکافل کے باکفایت منصوبوں میں آسانی سے اندراج، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

دفاعِ وطن میں جان کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا قوم کا فخر ہے، شرجیل میمن

پاکستان کی مسلح افواج کی قربانیوں کا احترام ہر پاکستانی کی قومی اور اخلاقی ذمہ داری ہے، سینئر وزیر سندھ

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ وطن کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا اور غازی پوری قوم کا فخر ہیں۔ اپنے بیان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

کراچی: کم عمر بچی کا نکاح پڑھانے سے انکار پر مولوی پر تشدد، مقدمہ درج

کراچی (این این آئی) گلشن پھاٹک کے قریب کم عمر بچی کا نکاح پڑھانے سے انکار پر مولوی پر تشدد کا واقعہ سامنے آیا، تاہم پولیس نے پانچ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔ تفصیلات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

بحریہ ٹاؤن کی توہین عدالت درخواست مسترد، ایف بی آر کو ٹیکس وصولی جاری رکھنے کی اجازت

کراچی (این این آئی) احتساب عدالت کراچی نے بحریہ ٹاؤن کراچی کی جانب سے نیب اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے خلاف دائر توہین عدالت کی درخواست (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

پاکستان کے آئی ٹی کے شعبے نے برآمدات میں ایک نئی تاریخ رقم کردی

مالی سال 202526 میں پاکستان کی آئی ٹی برآمدات ریکارڈ 4.5 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

کراچی (این این آئی) پاکستان کے انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) کے شعبے نے برآمدات میں ایک نئی تاریخ رقم کردی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق عالمی منڈیوں تک پاکستانی آئی ٹی شعبے کی وسیع رسائی کے باعث برآمدات اور ملکی زرِ مبادلہ کے ذخائر میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ مالی سال 202526 میں پاکستان کی آئی ٹی برآمدات ریکارڈ 4.5 ارب ڈالر تک پہنچ گئی ہیں، جو گزشتہ مالی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر اس وقت ترکیہ کے اعلیٰ سطح کے سرکاری دورے پر ہیں اور دورے کا مقصد دونوں برادر ممالک کے درمیان تاریخی، اسٹریٹجک اور دفاعی تعلقات کو مزید فروغ دینا ہے، آئی ایس پی آر

فیلڈ مارشل کا ترکیہ دورہ دفاعی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

دورے کے دوران فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ترکیہ کی سیاسی اور عسکری قیادت سے اہم ملاقاتیں کیں، ترک صدر رجب طیب اردوان اور وزیر دفاع یاشار گولر سے بھی ملاقات کی، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور بدلتی ہوئی جغرافیائی اور سیاسی صورت حال پر گفتگو کی

جنرل سلجوق بایراکتار اوغلو نے پاکستان اور ترکیے کے درمیان دفاعی تعاون کے فروغ میں نمایاں خدمات کے اعتراف میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کو ترکش آرمڈ فورسز ڈسٹنگوشڈ سروس میڈل سے نوازا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ترک بری فوج کے ہیڈکوارٹرز کا بھی دورہ کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر اس وقت ترکیہ کے اعلیٰ سطح کے سرکاری دورے پر ہیں اور دورے کا مقصد دونوں برادر ممالک کے درمیان تاریخی، اسٹریٹجک اور دفاعی تعلقات کو مزید فروغ دینا ہے۔ بیان میں بتایا گیا کہ اس موقع پر ترکیہ اور پاکستان میں دفاعی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ آئی ایس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ترک صدر رجب طیب اردوان اور وزیر دفاع سمیت اعلیٰ عسکری حکام سے ملاقاتیں کیں، آئی ایس پی آر

پاکستان سمیت دنیا بھر میں (آج) عالمی یومِ نوجوانان کی مہارتیں منایا جائے گا

پنگر یو (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں آج 15 جولائی کو عالمی یوم نوجوانان کی مہارتیں منایا جارہا ہے۔ اس موقع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

بدین پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 193 لیٹر دیسی شراب 4540 سفینا گانجا برآمد

پنگر یو (این این آئی) ڈی آئی جی حیدرآباد رینج طارق رزاق دھاریجو اور ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی کی ہدایات پر ضلع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

کراچی، شہر کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے واقعات میں دو افراد زخمی

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں فائرنگ کے دو مختلف واقعات میں دو افراد زخمی ہو گئے جنہیں طبی امداد کے لیے اسپتال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

ڈسٹرکٹ ویسٹ کے مختلف علاقوں میں پولیس کا ٹارگیٹڈ کومبنگ آپریشن

آپریشن سے قبل علاقے کے داخلی وخارجی راستوں کو بند کر کے کئی مقامات کی تلاشی لی گئی

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں ڈسٹرکٹ ویسٹ کے مختلف علاقوں میں پولیس نے ٹارگیٹڈ کومبنگ آپریشن کیا۔ ترجمان ایس ایس پی ویسٹ کے مطابق تھانہ گلشن معمار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

کراچی، کمیونٹی پولیسنگ کراچی نے ایڈوائزری بورڈ تشکیل دیدیا

ممبران میں عتیق اقبال، حنیف گوہر، رزاق پردیسی، راحیل فطانی اور خواجہ جمال سیٹھی ہوں گے

کراچی (این این آئی) کمیونٹی پولیسنگ کراچی نے اپنا ایڈوائزری بورڈ تشکیل دے دیا ہے۔ اس کا اعلان سی پی کے سرپرست اعلیٰ مراد علی سونی نے کیا۔ ایڈوائزری بورڈ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

مجاہدوں کی خدمت پر سوال اٹھانا ملک وملت سے بڑی زیادتی ہے: خالد مقبول

آج عالمِ اسلام اور اقوامِ عالم میں پاکستان کی قدر و قیمت اور وقار افواجِ پاکستان کے طفیل ہے، چیئرمین ایم کیو ایم

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ پاکستان کی سرحدوں کی حفاظت کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

نسلہ ٹاور کے بعد گرے مونال ریسٹورنٹ کو گرانے کا فیصلہ بھی کالعدم

سپریم کورٹ نے ایمنسٹی کا مدنظر نہیں رکھنے کا آئینی عدالت

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وفاقی آئینی عدالت نے نسلا ٹاور کے بعد مارگلہ ہلز نیشنل پارک میں قائم مونال ریسٹورنٹ مسمار کرنے کا سپریم کورٹ کا فیصلہ بھی کالعدم قرار دیدیا۔ جسٹس حسن اظہر رضوی کی سربراہی میں عدالت نے کیس کا مختصر فیصلہ سناتے ہوئے سی ڈی اے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

امدادی قیمت وفاق کی ہدایت پر طے کی اس لیے آٹے کا بحران پیدا ہوا، وزیر اعلیٰ سندھ

گندم خریداری کو ریگولیٹ نہیں کرنا چاہیے، ذخیرہ اندوزوں سے قانون کے مطابق گندم خریدی جائے گی، سید مراد علی شاہ

ملک دہشت گردی لہر کی زد میں ہے اور دہشت گردوں کا ہدف کراچی ہے، حالات پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں، میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ آٹے کی امدادی قیمت وفاق کی ہدایت پر طے کی جس کی وجہ سے آٹے کا بحران پیدا ہوا ہے، امدادی قیمت کم ہونے کی وجہ سے کم خریداری ہوئی۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

کراچی میں رینجرز کیمپ پر حملے کا ماسٹر مائنڈ قاری بشیر گرفتار

دہشت گردوں کے تمام ہینڈلرز افغانستان سے انہیں ہدایات دے رہے تھے

ضیاالحسن لنجار کی آئی جی سندھ اور اعلیٰ پولیس حکام کے ہمراہ پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) گلستان جوہر میں رینجرز کیمپ پر حملے میں ملوث سہولت کاروں کا نیٹ ورک بے نقاب کردیا گیا، حملے کے ماسٹر مائنڈ قاری بشیر کو رینجرز نے گرفتار کرلیا۔ کراچی میں وزیر داخلہ سندھ ضیاالحسن لنجار نے آئی جی سندھ جاوید عالم، ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

جسٹس (ر) مقبول باقر نے حملہ کیس میں کسی ملزم کو شناخت نہیں کیا

جسٹس (ر) مقبول باقر نے بتایا کہ حملے میں زخمی ہونے کے بعد انہیں اسپتال منتقل کیا گیا

انسداد دہشت گردی عدالت میں ویڈیو لنک پر بیان ریکارڈ، "مجھے معلوم نہیں مجھ پر حملہ کس نے کیا

کراچی (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت، سینٹرل جیل میں سپریم کورٹ کے سابق جسٹس (ر) مقبول باقر پر حملے کے مقدمے کی سماعت کے دوران جسٹس (ر) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

سیلیکٹ ٹیکنالوجیز لمیٹڈ نے ابتدائی عوامی پیشکش مکمل کرلی

آئی پی او نے سرمایہ کاروں کے ایک متنوع گروہ کی شرکت کو اپنی جانب متوجہ کیا، کمرشل بینک، میوچل فنڈز، انشورنس کمپنیاں شامل

فرخ ایچ سبزواری، شاہد علی حبیب، اسلم ایچ پراچہ، عدنان آفتاب کا اہم خطاب، آئی پی او کا فلور پرائس 28.00 فی شیئر مقرر کیا گیا

کراچی (بزنس رپورٹر) کراچی سیلیکٹ ٹیکنالوجیز لمیٹڈ ("سیلیکٹ")، ایک سرکردہ پاکستانی ٹیکنالوجی کمپنی جو اسمارٹ فونز اور کنزیومر ایپلائنسز کی مینوفیکچرنگ اور اسمبلی میں مصروف ہے، نے کامیابی کے ساتھ اپنی ابتدائی عوامی پیشکش (IPO) مکمل کرلی ہے، جسے سرمایہ کاروں کی جانب سے ہک بلڈنگ اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

کراچی سیلیکٹ ٹیکنالوجیز لمیٹڈ کے آئی پی او کے موقع پر فرخ ایچ سبزواری، شاہد علی حبیب، اسلم پراچہ و دیگر کا لیاگ یا گروپ فوٹو

ای بی ایم، ناؤ پی ڈی پی اور داؤد فاؤنڈیشن کا کراچی میں جامع ڈسکوری روم کے افتتاح کے موقع پر ڈاکٹر زلاف منیر اور امین ہاشوانی کے ہمراہ شرکاء کا گروپ فوٹو

EBM اور ناؤ پی ڈی پی کا کراچی میں عصبی طور پر جامع ڈسکوری روم کا افتتاح

یہ جدید ڈسکوری روم داؤد فاؤنڈیشن (ٹی ڈی ایف) کے میگنی فائی سائنس سینٹر کی تجرباتی سیکھنے کی مہارت کے تحت تیار کیا گیا

ڈاکٹر زلاف منیر اور امین ہاشوانی کے مطابق ای بی ایم کا مقصد ہر بچے کو سیکھنے بڑھنے اور اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے برابر مواقع فراہم کرنا ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) انگلش بسکٹ مینوفیکچررز (ای بی ایم) نے ناؤ-پی ڈی پی کے ساتھ شراکت میں پاکستان کا پہلا عصبی طور پر جامع "ڈسکوری روم" کورنگی، کراچی میں قائم سینٹر آف ایکسیلنس فار ڈس ایبلٹی انکلوژن (سی ڈی آئی) میں افتتاح کردیا ہے۔ یہ جدید ڈسکوری روم داؤد فاؤنڈیشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

منشیات نوجوان نسل کو تباہی کی طرف دھکیل رہی ہے، محمد حسن خان

گٹکا مافیا اور منشیات فروش معاشرے کے دشمن جو معمولی مالی فائدے کیلئے نوجوانوں کے مستقبل سے کھیل رہے ہیں

منہ کے کینسر، گلے، پھیپھڑوں، معدے اور آنتوں سمیت متعدد مہلک بیماریوں کا سبب بن رہی ہیں، رہنما پی پی پی

کراچی (علیم نواب خان) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق امیدوار قومی اسمبلی اور چیئرمین ایجوکیشن پاکستان پیپلز پارٹی زونل سینٹرل محمد حسن خان نے کہا ہے کہ گٹکا، ماوا، آئس، شیشہ اور دیگر منشیات ہماری نوجوان نسل کو تباہی کی طرف دھکیل رہی ہیں، جبکہ گٹکا مافیا اور منشیات فروش معاشرے کے ایسے دشمن ہیں جو معمولی مالی فائدے کے لیے نوجوانوں کے مستقبل سے کھیل رہے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی سمیت بالخصوص اورنگی ٹاؤن میں گٹکا مافیا، منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

گڈاپ سٹی میں رواں سال کی سب سے بڑی ڈکیتی کی تفتیش کیلئے خصوصی ٹیم بنادی گئی

واقعہ کا مقدمہ درج کرلیا گیا، خصوصی ٹیم کی سربراہی ڈی آئی جی سی آئی اے مقدس حیدر کے سپرد کی گئی ہے

کراچی (این این آئی) کراچی پولیس چیف | آزاد خان نے گڈاپ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

ابھی مائیکرو فنانس بینک کی سیف گروپ کیساتھ اسٹریٹجک شراکت داری

دستخط مس مریم پرویز، چیف کمرشل آفیسر، ابھی مائیکرو فنانس بینک، اور مسٹر عابد حسین، ایگزیکٹو ڈائریکٹر فنانس اینڈ آپریشنز، سیف ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ نے کیے

دستخط کی تقریب میں مسٹر کبیر نقوی، انٹرپرینیوران ریزیڈنس اے بی ایچ آئی، اور اسد سیف اللہ خان، سی ای او، سیف ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ اور کوہاٹ ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ بھی شریک

کراچی (بزنس رپورٹر) ابھی مائیکرو فنانس بینک نے سیف گروپ کے ساتھ اپنے ملازمین کے لیے ایارنڈ ویج ایکسیس (ای ڈبلیو اے) حل متعارف کرانے کے لیے ایک اسٹریٹجک شراکت داری میں قدم رکھا ہے۔ یہ تعاون کام کی جگہ پر مالی فلاح و بہبود کو آگے بڑھانے کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

شادمان کی رہائشی عمارت کی کمرشل دکان میں کاربائیڈ سلنڈر دھماکا

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں شادمان ٹاؤن میں رہائشی عمارت کے کمرشل حصہ میں واقع دکان میں کاربائیڈ سلنڈر میں معمولی دھماکہ سنا گیا۔ ایس ایچ او شاہراہ نور جہاں سرفراز کمانڈو نے بتایا کہ شادمان میں واقع ایک رہائشی عمارت کے گروانڈ فلور پر واقع گاڑیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

ڈاکٹر آکاش کے قتل میں ملوث 2 ملزمان حیدرآباد سے گرفتار

کراچی (این این آئی) ڈاکٹر آکاش کے قتل میں ملوث 2 ملزمان کو حیدرآباد سے گرفتار کرلیا گیا، گرفتار ملزمان اسلم بابا گروپ کیلئے کام کرتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے پوش علاقے کلفٹن تین تلوار یادگار کے قریب گزشتہ روز ہونے والی کروڑوں روپے کی ڈکیتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

نئی آٹو پالیسی مؤخر، حکومت کا موجودہ آٹو پالیسی میں ایک سال توسیع کا فیصلہ

وزارت صنعت و پیداوار آئی ایم ایف سے مشاورت میں نئی آٹو پالیسی کا موثر دفاع نہ کرسکی

وزیراعظم نے نئی آٹو پالیسی کو سرمایہ کار دوست بنانے کی ہدایت کر رکھی ہے

کراچی (این این آئی) نئی آٹو پالیسی پر آئی ایم ایف اور ٹیرف پالیسی بورڈ کے ساتھ مذاکرات تاحال کامیاب نہیں ہوسکے، جس کے باعث حکومت نیو جودہ آٹو پالیسی میں ایک سال کی توسیع پر اتفاق کر لیا۔ ذرائع وزارت صنعت و پیداوار کیمطابق نئی پالیسی کو حتمی شکل دینے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

کراچی: ایک ہی خاندان کے 4 بچوں میں ایچ آئی وی کی تصدیق

اس معاملے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں، بچوں کے والد کا سعید غنی سے مطالبہ

متعلقہ ادارے معاملے کی تحقیقات اور متاثرہ بچوں کے علاج ونگہداشت کیلئے اقدامات کر رہے ہیں

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے ضیا کالونی میں ایک ہی خاندان کے چاروں بچوں میں ایچ آئی وی (HIV) کی تصدیق ہوگئی، جس کے بعد متاثرہ بچوں کی مجموعی تعداد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

کراچی، کورنگی میں پولیس مقابلہ، ایک ملزم ہلاک اور ایک ملزم زخمی

ریسکیو حکام کے مطابق ہلاک وزخمی ہونے والے ڈاکوؤں کو اسپتال منتقل کردیا

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں کورنگی میں | مبینہ پولیس مقابلہ میں ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

ابھی مائیکرو فنانس بینک کی چیف کمرشل آفیسر مریم پرویز اور سیف گروپ کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر عابد حسین معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں

ہپی پیلس گروپ آف اسکولز کی میٹرک امتحانات میں شاندار کامیابی

ایک طالبہ کے 90.64 فیصد نمبر، مجموعی طور پر طلبہ کا شاندار کارکردگی کا مظاہرہ

بانی و چیئرمین ڈاکٹر محمد آصف خان کی نمایاں کامیابی پر طلبہ، اساتذہ، والدین کو مبارکباد

کراچی (بزنس رپورٹر) ہپی پیلس گروپ آف اسکولز کے بانی و چیئرمین محمد آصف خان نے میٹرک کے سالانہ امتحانات میں ادارے کی نمایاں کامیابی پر طلبہ، والدین، اساتذہ، پرنسپلز اور انتظامیہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہپی پیلس گروپ آف اسکولز نے ہمیشہ کی طرح اس سال بھی بہترین نتائج دے کر اپنی تعلیمی برتری برقرار رکھی ہے۔ آصف خان نے بتایا کہ میٹرک کے امتحانات میں ادارے کی ایک طالبہ نے 90.64 فیصد نمبر حاصل کیے جبکہ مجموعی طور پر ادارے کے طلبہ نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ ہپی پیلس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

کراچی، بوہرہ پیر میں فلیٹ سے ایک شخص کی گلا کٹی لاش برآمد

ابتدائی معلومات کے مطابق متوفی نشے کا عادی اور نفسیاتی مسائل کا شکار تھا

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں اولڈ سٹی | ایریا کے علاقے بوہرہ پیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

معروف کاروباری شخصیت اور چیئرمین پاک ملائیشیا بزنس کونسل بشیر جان محمد، کراچی میں ملائیشیا کے قونصل جنرل ہرمن ہردینا تا احمد کو ان کے دفتر میں الوداعی ملاقات کے موقع پر نیک تمناؤں کے ساتھ رخصت کر رہے ہیں، سابق صدر ایف پی سی سی آئی زبیر طفیل اور وائس قونصل عزتون ناسیہ مصطفیٰ بھی موجود ہیں

روزنامہ قوم کی آواز کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
منیجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرحمٰی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
GROUP OF PUBLICATION
VON VOICE OF NATION
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

سابق امیر قطر کا انتقال۔۔۔۔!

سابق امیر قطر شیخ حمد بن خلیفہ الثانی کی نمازِ جنازہ دوحہ کی جامع مسجد امام محمد بن عبدالوہاب میں ادا کردی گئی۔ وہ 79 برس کی عمر میں انتقال کر گئے تھے۔ اُن کو دوحہ کے مقامی قبرستان میں سپردِ خاک کردیا گیا۔ ان کی وفات پر قطر میں چار روزہ سوگ کا اعلان کیا گیا ہے، اِس دوران ملک بھر میں قومی پرچم سرنگوں رہے گا۔ جبکہ 13 جولائی سے تمام وزارتوں اور سرکاری اداروں میں تعطیلات کا اعلان بھی کردیا گیا ہے۔ پاکستان میں بھی ایک روزہ سوگ کا اعلان کیا گیا، قومی پرچم سرنگوں رہا۔ وزیرِاعظم شہباز شریف پیر کی صبح سابق وزیرِاعظم نواز شریف، ڈپٹی وزیرِاعظم سینیٹر اسحاق ڈار اور وزیرِ اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کے ہمراہ ایک روزہ دورے پر قطر پہنچے۔ وفد نے قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی سے ملاقات کر کے ان سے اظہارِ تعزیت کیا۔ شیخ حمد بن خلیفہ الثانی 1995ء سے 2013ء تک قطر کے امیر رہے۔ انہوں نے اپنی زندگی ہی میں اقتدار اپنے بیٹے اور موجودہ امیرِ قطر شیخ تمیم بن حمد الثانی کے سپرد کر کے نئی مثال قائم کی۔ ان کے دورِ اقتدار میں قطر مائع قدرتی گیس کی پیداوار اور اِس کی برآمد کا مرکز بنا۔ قطر عالمی منظرنامے میں ایک معاشی طاقت کے طور پر ابھرا، ترقی کا ایسا دور شروع ہوا جس نے جدید قطر کی بنیاد رکھی۔ ان کے دور ہی میں عرب دنیا کا پہلا اور مشہور بین الاقوامی نیوز چینل ''الجزیرہ'' شروع کیا گیا جو آج بھی دنیا بھر کے عوام کو آزادانہ معلومات فراہم کر رہا ہے۔ سابق امیر کی کوششوں کے باعث ہی 2022ء میں ہونے والے فٹ بال ورلڈ کپ کی میزبانی قطر کو دینے کا فیصلہ فیفا نے 2010ء میں کیا تھا انہیں جدید قطر کا معمار تصور کیا جاتا ہے، انہوں نے اپنے کم و بیش 18 سالہ دورِ حکومت میں خلیجی ریاست کو عالمی سفارتکاری، سرمایہ کاری، توانائی اور میڈیا کے میدان میں نمایاں مقام دلایا۔ قطر نے نہ صرف اقتصادی ترقی کی نئی مثال قائم کی بلکہ عالمی سطح پر اپنا سیاسی اور سفارتی اثر و رسوخ اُس قدر بڑھایا کہ آج بھی دنیا بھر میں جب سفارتکاری کی بات کی جاتی ہے خاص طور پر مسلم دنیا سے متعلق کوئی بھی مسئلہ پیدا ہوتا ہے تو سب سے پہلے دوحہ ہی کا نام لیا جاتا ہے۔ قطر نے افغان طالبان کو سنگین حالات میں دفتر کھولنے کی اجازت دے کر موقع فراہم کیا کہ وہ امریکہ کے ساتھ اپنے معاملات کو طے کرسکیں۔ اگست 2021ء میں امریکی افواج کے افغانستان سے انخلاء کے بعد افغان طالبان کی عبوری حکومت کے تمام تر معاملات دوحہ ہی میں طے کیے گئے۔

دریائے سندھ، وسائل، معدنیات اور بندرگاہوں پر قبضہ کسی صورت قبول نہیں کرینگے، انجینئر ضیاء الرحمان

جیکب آباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام (جے یو آئی) سندھ کی جانب سے انٹرنیشنل پیس کانفرنس کی کامیابی کے لیے سندھ بھر میں جاری عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں لاڑکانہ ڈویژن کا ایک اہم اجلاس گلشنِ شہید لاڑکانہ میں صوبائی امیر مولانا عبدالقیوم ہالیجوی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ٹو فیصل علی سومرو کی زیرِ صدارت مزدور قوانین پر اہم اجلاس

اینٹوں کے بھٹوں پر کام کرنے والے مزدوروں کے فلاح و بہبود کے لیے زیادہ زیادہ آگاہی فراہم کی جائے، اجلاس میں تفصیلی گفتگو

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) اینٹوں کے بھٹوں پر کام کرنیوالے مزدوروں کی فلاح و بہبود اور ان کے بچوں کو اسکولوں کی طرف راغب کرنے، ان کے پیدائشی سرٹیفکیٹ بنوانے اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کرنے کے متعلق تشکیل شدہ ڈسٹرکٹ ویجیلینس کمیٹی کا اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ٹو فیصل علی سومرو کی صدارت میں کمشنر کمیٹی ہال میں منعقد ہوا اس موقع پر اینٹوں کے بھٹوں پر کام کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

میونسپل کمیٹی عمرکوٹ کا مالی سال 2-2026 کا بجٹ پیش کرنے کیلئے سیف اللہ خالد سراج سومرو کی زیرِ صدارت اجلاس منعقد

کنری (رپورٹ رضوان مغل) میونسپل کمیٹی عمرکوٹ کا مالی سال 27-2026 کا بجٹ پیش کرنے کے لیے چیئرمین میونسپل کمیٹی عمرکوٹ سیف اللہ خالد سراج سومرو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

سندھ یونائیٹڈ پارٹی اور سول سوسائٹی کے وفد کی میر پور خاص پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) سندھ یونائیٹڈ پارٹی اور سول سوسائٹی کے وفد نے میر پور خاص پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے مارکیٹ کمیٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

ایریا واٹر بورڈ اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام جبکہ ایف او سی صرف آبادگاروں کے پانی کے مسائل کے حل کے لیے جدوجہد کر رہی ہے، جاوید جونیجو

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) فارمرز آرگنائزیشن کونسل کے چیئرمین جاوید جونیجو نے ایریا واٹر بورڈ کے چیئرمین ممتاز شاہ کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایریا واٹر بورڈ اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام رہا ہے جبکہ ایف او سی صرف آبادگاروں کے پانی کے مسائل کے حل کے لیے جدوجہد کر رہی ہے ذرائع کے مطابق حال ہی میں ایک سیاسی جماعت کے اجلاس میں ایریا واٹر بورڈ کے چیئرمین ممتاز شاہ نے کہا کہ ایف او سی کے رہنما ڈائریکٹر سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

ڈی آئی جی میر پور خاص کیپٹن (ر) فیصل عبداللہ چاچڑ کی منشیات فروشوں کے سہولت کاروں کیخلاف جاری احتسابی مہم کے سلسلے میں اہم میٹنگ

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر سے روابط، فرائض میں غفلت یا کسی قسم کی سہولت کاری میں ملوث پائے جانے والے پولیس افسران و اہلکاروں کے خلاف کارروائی جاری ہے۔ منشیات فروشوں سے روابط کے الزام میں مزید 11 پولیس افسران و اہلکار محکمانہ سزاؤں کے مستحق قرار۔ ڈی آئی جی پولیس میر پور خاص (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

گلشنِ رحمت کے رہائشی دانش احمد شیخ کی اپنے بھائی عارف احمد شیخ اور شیخ برادری کے معززین کے ہمراہ میر پور خاص پریس کلب میں پریس کانفرنس

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) گلشنِ رحمت کے رہائشی دانش احمد شیخ نے اپنے بھائی عارف احمد شیخ اور شیخ برادری کے معززین کے ہمراہ میر پور خاص پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی بھانجی کے شوہر عامر علی نے گھریلو تنازع کے بعد ان کے خاندان کے خلاف سوشل میڈیا پر جھوٹا اور من گھڑت پروپیگنڈا شروع کر رکھا ہے جس سے ان کی ساکھ متاثر ہو رہی ہے دانش احمد شیخ نے بتایا کہ چند روز قبل وہ اپنے دوست کے ساتھ گلشنِ رحمت میں اپنے گھر کے باہر موجود تھے کہ ان کی بھانجی روتی ہوئی ان کے پاس پہنچی اور بتایا کہ اس کا شوہر عامر علی اسے تشدد کا نشانہ بنا رہا ہے اور اس سے اس کا نومولود بچہ چھیننے کی کوشش کر رہا ہے ان کے مطابق اسی دوران عامر علی بھی وہاں پہنچ گیا اور مبینہ طور پر اپنی اہلیہ پر تشدد شروع کر دیا انہوں نے بتایا کہ مداخلت کرنے پر عامر علی نے انہیں بھی گالیاں دیں جس کے بعد وہ اپنی بھانجی کو لے کر متعلقہ تھانے پہنچے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

جیکب آباد سول اسپتال کے 8 ڈاکٹر اور عملہ غیر حاضر، ڈپٹی کمشنر نے محکمہ صحت سندھ کو کارروائی کی سفارش کردی

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد سول اسپتال کے 8 ڈاکٹر اور عملہ غیر حاضر، ڈپٹی کمشنر نے محکمہ صحت سندھ کو کارروائی کی سفارش کردی۔ تفصیلات کے مطابق سول اسپتال جیکب آباد میں ڈاکٹروں اور طبی عملے کی غیر حاضری پر ڈپٹی کمشنر جیکب آباد شہزاد احمد ساہی نے محکمہ صحت سندھ کو خط لکھ کر محکمانہ کارروائی شروع کرنے کی سفارش کردی، ڈپٹی کمشنر کی جانب سے سیکریٹری صحت سندھ کو ارسال کیے گئے خط میں کہا گیا ہے کہ سول اسپتال جیکب آباد کے اچانک دورے کے دوران اسپتال میں طبی سہولیات، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

کنری اور اس کے نواحی علاقوں میں پیش آنیوالے دو افسوسناک واقعات میں ایک شخص کرنٹ لگنے سے جاں بحق جبکہ ایک 55 سالہ شخص گھر میں پھندہ لگی حالت میں مردہ پایا گیا

کنری (نامہ نگار) کنری اور اس کے نواحی علاقوں میں پیش آنے والے دو افسوسناک واقعات میں ایک شخص کرنٹ لگنے سے جاں بحق جبکہ ایک 55 سالہ شخص گھر میں پھندہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

میئر میر پور خاص کے اختیارات میونسپل کمشنر کے سپرد، پارٹی قیادت نے مالی و انتظامی حقوق واپس لیے: باوثوق ذرائع

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) میئر میر پور خاص کے اختیارات میونسپل کمشنر کے سپرد، پارٹی قیادت نے مالی و انتظامی حقوق واپس لیے: باوثوق ذرائع، میر پور خاص کے میئر عبدالرؤف غوری کے مالی و انتظامی اختیارات میونسپل کمشنر کو منتقل کردیے گئے ہیں، جس سے اُن کا تین سالہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

این ٹی ایس کے ذریعے محکمہ تعلیم میں بھرتیوں کے امتحان میں کامیابی حاصل کرنیوالی امیدوار عائشہ محمد عامر کا اپنے شوہر محمد عامر کے ہمراہ احتجاج

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) این ٹی ایس کے ذریعے محکمہ تعلیم میں بھرتیوں کے امتحان میں کامیابی حاصل کرنے والی امیدوار عائشہ محمد عامر نے اپنے شوہر محمد عامر کے ہمراہ میر پور خاص پریس کلب کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے تقرری کا آرڈر جاری نہ کیے جانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

GOLD RATE

سونا 24K۔(10 گرام)	387,517
سونا 24K۔(فی تولہ)	452,000
سونا 22K۔(10 گرام)	355,224
سونا 22K۔(فی تولہ)	414,440
چاندی۔(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)

ٹرینوں کی آمدورفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیز گام	5:30	9:55

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

صدر شیخ محمد بن زاید النہیان اور صدر عبدالفتاح السیسی کی العلمین میں اہم ملاقات اور دوطرفہ تعاون پر گفتگو

شیخ محمد بن زاید النہیان اور عبدالفتاح السیسی نے تعلقات مضبوط بنانے اور باہمی مفادات کے تحفظ کے لیے تفصیلی تبادلہ خیال کیا

عبدالفتاح السیسی نے شیخ محمد بن زاید النہیان کا پرتپاک استقبال کیا اور علاقائی صورتحال پر مشترکہ حکمت عملی پر زور دیا

شیخ محمد بن زاید النہیان اور عبدالفتاح السیسی نے مشرق وسطیٰ کی صورتحال اور امن و استحکام کے لیے تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا



دبئی (بزنس رپورٹر) متحدہ عرب امارات کے صدر عزت مآب شیخ محمد بن زاید النہیان اور عرب جمہوریہ مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی کے درمیان ایک اہم ملاقات العلمین میں منعقد ہوئی، جس میں دونوں برادر ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم بنانے، اقتصادی و ترقیاتی تعاون کو فروغ دینے اور علاقائی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ ملاقات شیخ محمد بن زاید النہیان کے مصر کے برادرانہ دورے کے دوران ہوئی، جہاں پہنچنے پر مصری صدر عبدالفتاح السیسی نے ہوائی اڈے پر ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر دونوں رہنماؤں کے درمیان گرمجوشی اور باہمی احترام کا اظہار دیکھنے میں آیا، جو دونوں ممالک کے دیرینہ تعلقات کی عکاسی کرتا ہے۔ ملاقات کے دوران شیخ محمد بن زاید النہیان اور عبدالفتاح السیسی نے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے امکانات کا جائزہ لیا، جن میں معیشت، تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، انفراسٹرکچر اور دیگر ترقیاتی شعبے شامل ہیں۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر زور دیا کہ ان شعبوں میں مشترکہ اقدامات نہ صرف دونوں ممالک کے مفادات کا تحفظ کریں گے بلکہ عوام کی خوشحالی اور فلاح و بہبود میں بھی اہم کردار ادا کریں گے۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر بھی اتفاق کیا کہ متحدہ عرب امارات اور مصر کے درمیان تعلقات تاریخی، ثقافتی اور اسٹریٹجک بنیادوں پر قائم ہیں، جنہیں مزید وسعت دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ عالمی اور علاقائی چیلنجز کے پیش نظر قریبی تعاون اور مسلسل مشاورت ناگزیر ہے۔ ملاقات میں مشرق وسطیٰ کی تازہ صورتحال پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شیخ محمد بن زاید النہیان اور عبدالفتاح السیسی نے خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کے قیام کے لیے جاری سفارتی و سیاسی کوششوں کا جائزہ لیا اور اس بات پر زور دیا کہ تنازعات کے حل کے لیے مکالمہ اور سفارت کاری کو فروغ دینا ضروری ہے۔ دونوں رہنماؤں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ خطے کو درپیش مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے باہمی مشاورت کا سلسلہ جاری رکھیں گے اور ایسے اقدامات کریں گے جو علاقائی استحکام کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ دہشت گردی، انتہاپسندی اور دیگر خطرات کے خلاف مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس موقع پر شیخ محمد بن زاید النہیان کے ہمراہ ایک اعلیٰ سطحی وفد بھی موجود تھا، جس میں زاید فاؤنڈیشن فار گڈ کے چیئرمین شیخ نہیان بن زاید النہیان، صدارتی دیوان برائے خصوصی امور کے نائب چیئرمین شیخ حمدان بن محمد بن زاید النہیان، صدر کے مشیر شیخ محمد بن حمد بن طحنون النہیان اور دیگر وزراء و اعلیٰ حکام شامل تھے۔ یہ ملاقات متحدہ عرب امارات اور مصر کے درمیان مضبوط اور برادرانہ تعلقات کی عکاسی کرتی ہے۔

راس الخیمہ کے حکمران شیخ سعود بن صقر القاسمی اور ترکیہ کے قونصل جنرل اونور شیلان کی اہم ملاقات

شیخ سعود بن صقر القاسمی نے اونور شیلان کا پرتپاک استقبال کیا اور دوطرفہ تعلقات مضبوط بنانے پر تفصیلی گفتگو کی

اونور شیلان نے متحدہ عرب امارات اور ترکیہ کے تعلقات کو سراہتے ہوئے راس الخیمہ کی ترقی کو قابلِ تعریف قرار دیا

راس الخیمہ میں شیخ سعود بن صقر القاسمی اور اونور شیلان کی ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور تعاون بڑھانے پر زور دیا گیا

راس الخیمہ (بزنس رپورٹر) سپریم کونسل کے رکن اور راس الخیمہ کے حکمران عزت مآب شیخ سعود بن صقر القاسمی نے منگل کے روز دبئی اور شمالی امارات میں جمہوریہ ترکیہ کے قونصل جنرل اونور شیلان سے اہم ملاقات کی۔ یہ ملاقات راس الخیمہ کے حکمران کے محل میں خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں منعقد ہوئی، جہاں دونوں رہنماؤں نے باہمی تعلقات، اقتصادی تعاون اور مختلف شعبوں میں اشتراک کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات کے آغاز میں عزت مآب شیخ سعود بن صقر القاسمی نے اونور شیلان کا پرتپاک استقبال کیا اور ان کی آمد کو دونوں ممالک کے درمیان بڑھتے ہوئے تعلقات کی علامت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ عرب امارات اور ترکیہ کے درمیان تعلقات وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہو رہے ہیں اور دونوں ممالک مختلف شعبوں میں ایک دوسرے کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھے ہوئے ہیں۔ شیخ سعود بن صقر القاسمی نے اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا کہ راس الخیمہ سرمایہ کاری، تجارت، سیاحت اور صنعتی شعبوں میں مزید ترقی کے لیے بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ روابط کو فروغ دیتا رہے گا۔ انہوں نے ترکیہ کے ساتھ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی اور ثقافتی روابط میں وسعت کے بے شمار مواقع موجود ہیں۔ دوسری جانب، ترکیہ کے قونصل جنرل اونور شیلان نے گرمجوش استقبال اور مہمان نوازی پر شیخ سعود بن صقر القاسمی کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے متحدہ عرب امارات اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ اور مضبوط تعلقات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعاون مسلسل ترقی کی جانب گامزن ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مستقبل میں بھی دونوں ممالک کے درمیان تجارتی، اقتصادی اور ثقافتی روابط کو مزید مستحکم کیا جائے گا۔ اونور شیلان نے خاص طور پر راس الخیمہ میں ہونے والی نمایاں ترقی کو سراہا اور کہا کہ امارت نے حالیہ برسوں میں مختلف شعبوں میں قابلِ ذکر کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ راس الخیمہ سرمایہ کاروں کے لیے ایک پرکشش مقام بنتا جا رہا ہے اور ترکیہ کی کمپنیاں یہاں سرمایہ کاری کے مواقع میں دلچسپی رکھتی ہیں۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا اور اس بات پر اتفاق کیا کہ باہمی تعاون کو مزید وسعت دے کر مشترکہ مفادات کا تحفظ کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ سفارتی روابط کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ عوامی سطح پر روابط کو بھی فروغ دینا ضروری ہے تاکہ دونوں ممالک کے عوام ایک دوسرے کے قریب آسکیں۔ یہ ملاقات اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ متحدہ عرب امارات اور ترکیہ کے درمیان تعلقات نہ صرف مستحکم ہیں بلکہ مستقبل میں مزید وسعت کے امکانات بھی روشن ہیں۔

بقیہ نمبر 1 ﴿قوم کی آواز﴾

والے مزدوروں کی فلاح و بہبود کے متعلق تفصیلی غور کیا گیا اور اس بات پر زور دیا گیا کہ حکومت سندھ کی جانب سے بنائے گئے مزدوروں کے قوانین پر عمل درآمد کراتے ہوئے اینٹوں کے بھٹوں پر کام کرنے والے مزدوروں کے فلاح و بہبود کے لیے زیادہ زیادہ آگاہی فراہم کی جائے خاص طور پر سندھ ایمپلائیز سوشل سیکیورٹی کے تحت مزدوروں کی فلاح و بہبود کے متعلق زیادہ سے زیادہ آگاہی فراہم کی جائے جس میں بچوں سے جبری مشقت کی روکتھام، چھوٹی عمر کی بچیوں کی شادی کی روکتھام، خواتین پر ہونے والے تشدد اور جنسی زیادتیوں کے متعلق قوانین شامل ہیں جس پر عملدرآمد کروانے کے لیے محکمہ پولیس کو پابند بنایا جائے۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر نور محمد شیخ، محکمہ ماحولیات تحفظ قمر پارکر شاہد الرحمان، ڈاکٹر نوین کمار، سول سوسائٹی کے محمد بخش کپری، علی حسن نون، محمد رفیق لغاری، تسلیم گھمن پولیس، لیبر ڈپارٹمنٹ، ڈپٹی ڈائریکٹر نادرا، محکمہ سندھ ایمپلائیز سوشل سیکیورٹی انسٹیٹیوٹ کے ذمہ داران اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 2 ﴿قوم کی آواز﴾

کلی حالت میں مردہ پایا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گاؤں باروں سموں کا رہائشی 32 سالہ عبدالجبار سموں قریبی گاؤں الیاس خاصخیلی میں خراب بجلی کی لائن درست کرنے کے لیے بجلی کے کھمبے پر چڑھا، جہاں شارٹ سرکٹ کے باعث اسے شدید کرنٹ لگا اور وہ بے ہوش ہو کر نیچے گر گیا جس سے اس کی موت واقع ہوگئی۔ گاؤں والوں نے فوری طور پر اسے تعلقہ اسپتال کنری منتقل کیا، تاہم ڈاکٹرز نے معائنے کے بعد اس کے موت کی تصدیق کردی۔ بعد ازاں ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کردی گئی۔ متوفی ایک بیٹی اور ایک بیٹے کا باپ تھا جبکہ اس کی اچانک موت پر گھر میں کہرام مچ گیا اور علاقہ میں سوگ کی فضاء چھا گئی، دوسرا واقعہ کنری کے قریب نبی سر کے علاقے گاؤں ہوتھی خان چانڈیو میں پیش آیا جہاں 55 سالہ فوٹو بھیل اپنے گھر کے ایک کمرے میں پھندہ لگی حالت میں مردہ پایا گیا۔ اہل خانہ نے لاش کو تعلقہ اسپتال کنری منتقل کیا، جہاں ڈاکٹرز نے موت کی تصدیق کردی۔ متوفی کے بیٹے کے مطابق ان کے والد کافی عرصے سے ذہنی پریشانی اور ذہنی توازن کی خرابی کا شکار تھے، جس کے باعث انہوں نے انتہائی قدم اٹھایا۔ انہوں نے بتایا کہ خاندان کی کسی سے کوئی دشمنی یا تنازع نہیں تھا اور وہ واقعے کو خودکشی قرار دیتے ہیں۔ اطلاع ملنے پر کنری پولیس موقع پر پہنچ گئی، شواہد اکٹھے کیے اور قانونی کارروائی مکمل کرتے ہوئے واقعے کے مختلف پہلوؤں سے تحقیقات شروع کردیں۔

بقیہ نمبر 3 ﴿قوم کی آواز﴾

بااختیار دور مکمل اختتام پذیر ہوگیا ہے۔ باوثوق ذرائع نے بتایا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی مقامی اور اعلیٰ قیادت نے طویل مدت پر محیط شواہد، عوامی شکوک و شبہات اور مبینہ بدانتظامی کے پیش نظر یہ فیصلہ کیا۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ تین برسوں میں میونسپل کارپوریشن میرپورخاص کو ہر ماہ تقریباً پونے نو کروڑ روپے اوزی ٹی شیئر ملتے رہے، مگر شہر کی بنیادی سہولیات بہتر نہ ہوسکیں۔ گلیاں اور بازار گندگی کے ڈھیروں سے اٹے رہے، سیوریج کا نظام شہریوں کے لیے مستقل اذیت بنا رہا، ترقیاتی منصوبے دھوں تک محدود رہے، اور فائر بریگیڈ سمیت متعدد شعبوں میں نااہلی اور انتظامی بے ضابطگیوں کی شکایات سامنے آئیں۔ شہریوں نے مبینہ کرپشن اور انتظامی بے ربطی کے شواہد پارٹی قیادت کے سامنے رکھے، جس کے بعد صورتحال کا تفصیلی جائزہ لے کر اختیارات واپس کرنے کی منظوری دی گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ فیصلہ فوری طور پر نافذ کردیا گیا ہے اور میونسپل کارپوریشن کے مالی و انتظامی معاملات اب میونسپل کمشنر کی نگرانی میں چلیں گے۔ اس قدم نے مقامی سیاست میں ہلچل مچادی ہے اور بلدیاتی حلقوں میں اسے حالیہ برسوں کا اہم انتظامی فیصلہ سمجھا جارہا ہے۔ متاثر فریق پیپارٹی کی جانب سے باضابطہ ردعمل تاحال موصول نہیں ہوا۔

بقیہ نمبر 4 ﴿قوم کی آواز﴾

انہوں نے کہا کہ تھانے میں موجود اے ایس آئی فرید نے بچہ عامر علی کے حوالے کردیا جس کے بعد ان کی بھانجی نے عدالت میں دفعہ 491 کے تحت درخواست دائر کی بعد ازاں عدالت نے 9 جولائی 2026 کو نومولود بچے کی تحویل ماں کے حوالے کرنے کا حکم دیا جس پر بچہ اپنی والدہ کے سپرد کردیا گیا دانش احمد شیخ کا کہنا تھا کہ عدالتی فیصلے کے بعد عامر علی نے ان کے خلاف فیس بک پر مسلسل پوسٹس کرنا شروع کردیں جن میں انہیں ان کے والد، بھائی، خواتین اور دیگر رشتہ داروں کو مبینہ طور پر اغوا کار اور دیگر سنگین الزامات کے ساتھ بدنام کیا جارہا ہے انہوں نے مزید کہا کہ انہیں جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دی جارہی ہیں اور مختلف طریقوں سے ہراساں کیا جارہا ہے انہوں نے ڈی آئی جی اور ایس ایس پی میرپورخاص سمیت دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ سوشل میڈیا پر جھوٹا پروپیگنڈا کرنے اور دھمکیاں دینے والے شخص کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے اسے گرفتار کیا جائے اور اس سے سوشل میڈیا پر باقاعدہ معافی نامہ جاری کرایا جائے تاکہ ان کے خاندان کی ساکھ بحال ہوسکے۔

بقیہ نمبر 5 ﴿قوم کی آواز﴾

پر اعلیٰ حکام سے انصاف کی اپیل کی ہے عائشہ محمد عامر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے 2013 میں محکمہ تعلیم کی پی ایس ٹی (PST) آسامی کے لیے این ٹی ایس ٹیسٹ دیا تھا جس میں انہوں نے 72 نمبر حاصل کیے جبکہ خواتین کے لیے مختص 20 اضافی نمبروں کے ساتھ ان کے مجموعی نمبر 92 بنتے ہیں ان کا کہنا تھا کہ ان سے کم نمبر حاصل کرنے والے امیدواروں کو تقرری کے آرڈر جاری کر دیے گئے لیکن انہیں آج تک ملازمت نہیں دی گئی انہوں نے کہا کہ گزشتہ 13 سال سے وہ انصاف کے حصول کے لیے مختلف دفاتر اور عدالتوں کے چکر لگا رہے ہیں مگر اب تک ان کی شنوائی نہیں ہوئی انہوں نے مطالبہ کیا کہ میرٹ کے مطابق انہیں فوری طور پر تقرری کا آرڈر جاری کیا جائے تاکہ وہ اپنے خاندان کی بہتر کفالت کرسکیں اس موقع پر انکے شوہر محمد عامر نے کہا کہ وہ ایک مزدور ہیں اور محدود آمدنی کے باعث اپنے بچوں کے اخراجات پورے کرنے میں مشکلات کا سامنا کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ ان کی اہلیہ نے میرٹ پر کامیابی حاصل کی لیکن اس کے باوجود انہیں ملازمت سے محروم رکھا گیا جو میرٹ کے تقاضوں کے خلاف ہے انہوں نے صدر پاکستان آصف علی زرداری، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، صوبائی وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ اور چیف جسٹس آف پاکستان سے اپیل کی کہ معاملے کا نوٹس لے کر ان کی اہلیہ کو میرٹ کے مطابق تقرری کا آرڈر جاری کیا جائے۔

بقیہ نمبر 6 ﴿قوم کی آواز﴾

صفائی ستھرائی، عملے کی حاضری اور ڈاکٹروں کے ڈیوٹی روسٹر کا جائزہ لیا گیا، خط کے مطابق حاضری ریکارڈ اور موقع پر موجودگی کی جانچ کے دوران متعدد ڈاکٹر اور طبی عملہ اپنی مقررہ ڈیوٹی پر موجود نہیں پائے گئے جبکہ بعض کے حاضری رجسٹر میں بھی اندراج موجود نہیں تھا، ڈپٹی کمشنر کے مطابق غیر حاضر پائے جانے والوں میں فزیوتھراپی ٹیکنیشن نذیر احمد کنامرہ، سینئر میڈیکل آفیسر ڈاکٹر محمد سہیل، سینئر نرس خالد حسین، میڈیکل آفیسر ڈاکٹر عمران خان، وین میڈیکل آفیسر ڈاکٹر عمر، ڈاکٹر بی بی کوثر، ڈاکٹر نور العین دود پوتہ اور ڈاکٹر توفیق احمد شامل ہیں، خط میں کہا گیا ہے کہ سرکاری اسپتالوں میں ڈاکٹروں اور طبی عملے کی غیر حاضری ایک سنگین معاملہ ہے جس سے عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی متاثر ہوتی ہے، ڈپٹی کمشنر شہزاد احمد سامی نے سیکریٹری صحت سندھ سے درخواست کی ہے کہ غیر حاضر ملازمین کے خلاف قوانین کے مطابق کارروائی کی جائے جس میں شوکاز نوٹس، معطلی، تنخواہوں اور الاؤنسز کی بندش سمیت دیگر تادیبی اقدامات شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 7 ﴿قوم کی آواز﴾

صدارت میں منعقد ہوا، جس میں عالمی امن اجتماع کی تیاریوں، تنظیمی سرگرمیوں اور بیرونِ ملک دعوتی مہم کے لیے خصوصی ٹیموں کی تشکیل کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جے یو آئی کے مرکزی قائد مولانا فضل الرحمٰن کے بھائی اور جے یو آئی ڈیجیٹل میڈیا کے سربراہ انجینئر ضیاء الرحمٰن نے کہا کہ موجودہ حالات امت اور ملک کے لیے ایک آزمائش ہیں، جس میں کامیابی اتحاد، استقامت اور آئین کی بالادستی سے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ جے یو آئی نے ہمیشہ غلامی کو مسترد کیا ہے اور اپنی سو سالہ تاریخ میں آئین، جمہوریت اور قومی خودمختاری کے لیے جدوجہد کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین نے ہر ادارے کی حدود اور ذمہ داریاں متعین کی ہیں، اس لیے آئین کے محافظوں پر لازم ہے کہ وہ اس کی مکمل پاسداری کریں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ ملک و قوم کی سلامتی کے نام پر آئین کی خلاف ورزی کسی صورت قابل قبول نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمٰن، جمعیت علماء اسلام اور پاکستان ہماری ریڈ لائن ہیں اور جے یو آئی ہر قیمت پر آئین اور جمہوریت کا دفاع کرتی رہے گی۔ انہوں نے جے یو آئی کے ڈیجیٹل میڈیا کے کردار کو سراہتے ہوئے تنظیمی نظم کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا اور کہا کہ انٹرنیشنل پیس کانفرنس نہ صرف عالمی امن کے فروغ بلکہ ملکی سیاست میں مثبت تبدیلی اور خطے میں استحکام کے لیے بھی سنگِ میل ثابت ہوگی۔ جے یو آئی سندھ کے قائد علامہ راشد محمود سومرو نے اپنے خطاب میں کہا کہ خطے میں پائیدار امن کے لیے ضروری ہے کہ امریکہ ایران کے ساتھ ہونے والے معاہدے پر مکمل عمل درآمد کرے تاکہ خونریزی اور معاشی تباہی کا سلسلہ بند ہو۔ انہوں نے کہا کہ آئنائے ہرمز کی موجودہ صورتحال پوری دنیا کے لیے تشویش کا باعث ہے، جبکہ ملک میں ہائبرڈ نظام نے معیشت اور امن و امان کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی اور دریائے سندھ پر آبی جارحیت ناقابل قبول ہے۔

بقیہ نمبر 8 ﴿قوم کی آواز﴾

رنچ لیفٹن (ر) فیصل عبداللہ چاچڑ نے رنچ بھر میں منشیات فروشوں کے سہولت کاروں کے خلاف جاری احتسابی مہم کے سلسلے میں ڈی آئی جی آفس میں آرڈرلی روم منعقد کیا، جس میں مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے پولیس افسران و اہلکار اپنے زیر انتواء شوکاز نوٹس کے حوالے سے پیش ہوئے۔ ڈی آئی جی نے افسران و اہلکاروں کے مؤقف، سروس ریکارڈ اور دستیاب شواہد کا جائزہ لینے کے بعد محکمانہ قواعد وضوابط کے مطابق فیصلے صادر کیے۔ فیصلوں کے مطابق مزید 11 پولیس افسران و اہلکاروں کو مختلف سزائیں دی گئی ہیں، جن میں سے سخت سزائیں پانے والے 6 پولیس اہلکار شہروز خان، نذیر احمد بھٹی، شاہ نواز ہاٹ، حسن بخش خاصخیلی، نور حسن، نوید اختر۔ شامل ہیں۔ سرزنش پانے والے 5 مولا بخش خاصخیلی، زیب النساء ۱۱ صغرا ناز، سکندر علی کھوسو، اور ماجد علی آرائیں شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 9 ﴿قوم کی آواز﴾

ملاقاتیں کرکے اپنی سیاست چمکا رہے ہیں جبکہ یہ کام ایریا واٹر بورڈ کا ہے اسی موقع پر ایریا واٹر بورڈ کے رکن الطاف شاہ نے بھی ایف اوسی کے چیئرمین جاوید جونیجو، ٹیل آباد گارایسوسی ایشن کے رہنما ءزاہد نون اور یوسف رانجپوت پر تنقید کی اس پر ردعمل دیتے ہوئے جاوید جونیجو نے کہا کہ نارا کینال ایریا واٹر بورڈ کے انتخابات گزشتہ 20 سے 25 سال سے نہیں کرائے گئے حالانکہ بورڈ کے چھ اراکان کا انتخاب ایف او سیز کے ذریعے ہونا چاہیے انہوں نے دعویٰ کیا کہ ایک رکن کے انتقال کے بعد بھی نئے انتخابات نہیں کرائے گئے اور صرف نوٹیفکیشن کے ذریعے معاملات چلائے جارہے ہیں جاوید جونیجو کا کہنا تھا کہ ایریا واٹر بورڈ کی ذمہ داری آبادگاروں سے رابطہ رکھنا، ٹیل تک پانی کی فراہمی یقینی بنانا، متعلقہ حکام کو ہدایات دینا اور پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانا ہے لیکن اگر بورڈ یہ کردار ادا نہیں کرتا تو ایف اوسی خاموش نہیں رہ سکتی انہوں نے کہا کہ جب ایف اوسی آبادگاروں اور ہاریوں کے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ کرتی ہے تو اسے سیاست قرار دیا جاتا ہے جبکہ ان کی جدوجہد صرف کسانوں کے حقوق اور پانی کی منصفانہ فراہمی کے لیے ہے جاوید جونیجو نے الزام عائد کیا کہ ایریا واٹر بورڈ کے بعض اراکین اپنی زرعی زمینیں ٹھیکے پر دے کر غیر فعال بیٹھے ہیں جبکہ ایف اوسی کے نمائندے مسلسل آبادگاروں کے مسائل کے حل کے لیے میدان میں موجود ہیں انہوں نے کہا کہ وہ کسانوں اور ہاریوں کے حقوق کے تحفظ اور پانی کی منصفانہ تقسیم کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ نمبر 10 ﴿قوم کی آواز﴾

میرپورخاص کی قیمتی کمرشل جائیداد کی مبینہ غیر قانونی لیز کو فوری طور پر منسوخ کرنے، شفاف تحقیقات کرانے اور ذمہ داروں کے خلاف قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے پریس کانفرنس سے سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے وکیل سرتفضی ناریجو، ضلعی رہنماء لالا اظہر پٹھان اور سول سوسائٹی کے نمائندے واجد لغاری نے خطاب کیا مقررین کا کہنا تھا کہ ماریکٹ کمیٹی کی ملکیت عوامی امانت ہے اور اسے قانون کے مطابق صرف کھلی نیلامی کے ذریعے لیز پر دیا جاسکتا ہے تاہم 7 اگست 2024 کو تقریباً 8 ہزار 270 مربع فٹ کمرشل جائیداد محمد اظہر ولد محمد جمن، رہائشی احمرانی کالونی میرپورخاص کو محض 15 ہزار روپے ماہانہ کرائے پر لیز پر دے دی گئی جو قوانین کی صریح خلاف ورزی ہے انہوں نے کہا کہ مذکورہ جائیداد کی مارکیٹ ویلیو کے مطابق کرایہ 50 سے 70 روپے فی مربع فٹ بنتا ہے جبکہ انتہائی کم کرائے پر لیز دینے سے قومی خزانے کو ہر ماہ لاکھوں روپے کا نقصان پہنچایا جارہا ہے ان کا کہنا تھا کہ سندھ مارکیٹ کمیٹی رولز 1940، سندھ پبلک پروکیورمنٹ رولز 2010 اور دیگر متعلقہ قوانین کے تحت کھلی نیلامی اور اخبارات میں اشتہار دینا لازمی تھا مگر ایسا کوئی عمل نہیں کیا گیا انکا مزید کہنا تھا کہ لیز معاہدے میں متعدد بے ضابطگیاں موجود ہیں، انہوں نے مطالبہ کیا کہ مذکورہ لیز فوری طور پر منسوخ کرکے جائیداد کی ازسرنو کھلی نیلامی کرائی جائے جبکہ اس پورے معاملے کی نیب، اینٹی کرپشن اور دیگر متعلقہ اداروں سے غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں اور ملوث افسران و افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے انہوں نے یہ بھی الزام عائد کیا کہ سبزی منڈی میں مبینہ طور پر غیر قانونی وصولیاں اور قبضہ مافیا سرگرم ہے جبکہ سرکاری اراضی ملی بھگت سے نجی افراد کے حوالے کی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ اگر مطالبات پر عمل نہ کیا گیا تو سندھ ہائی کورٹ میں آئین کے آرٹیکل 199 کے تحت آئینی درخواست دائر کی جائے گی صحافیوں کے سوالات کے جواب میں مقررین نے بتایا کہ اس معاملے پر مارکیٹ کمیٹی، کمشنر میرپورخاص، ڈپٹی کمشنر، محکمہ زراعت اور دیگر متعلقہ اداروں کو قانونی نوٹس بھی بھیجے جاچکے ہیں ان کا کہنا تھا کہ اگر لیز منسوخ نہ کی گئی تو وہ تمام دستیاب قانونی فورمز سے رجوع کریں گے انہوں نے بتایا کہ مذکورہ لیز مارکیٹ کمیٹی کے ایڈمنسٹریٹر کی جانب سے محمد اظہر ولد محمد جمن چیئرمین اے کے فاؤنڈیشن کے نام جاری کی گئی تھی جسے وہ مکمل طور پر غیر قانونی قرار دیتے ہیں۔

بقیہ نمبر 11 ﴿قوم کی آواز﴾

کی زیر صدارت میونسپل کمیٹی ہال میں بجٹ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں رکن سندھ اسمبلی PS-50 عمر کوٹ سید امیر علی شاہ نے خصوصی پر شرکت کی۔ اس موقع پر وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی عمر کوٹ کمار ٹلواڑی، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی عمر کوٹ محمد شریف ناریجو، اراکین برہان الدین کنھر، شوکت اوڈھیپوری، دلیپ مولیجہ انی، لکھمراج مالھی، ڈاکٹر گھنشام ٹھیر، آپا مکا ولہاری سمیت دیگر اراکین، ٹیکنیشن آفیسر عمر کوٹ اویس کیچو اور صحافیوں نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے دوران چیئرمین میونسپل کمیٹی عمر کوٹ سیف اللہ خالد سراج سومرو نے مالی سال 2026-27 کا بجٹ پیش کیا، جس کے مطابق مجموعی بجٹ 81,48,24,207 روپے رکھا گیا ہے، جبکہ مجموعی اخراجات 81,46,50,000 روپے ہوں گے۔ اس طرح 1,74,207 روپے کی بچت متوقع ہے۔ بجٹ میں ترقیاتی منصوبوں کے لیے 25,00,00,041 روپے، ملازمین کی تنخواہوں کے لیے 12,00,00,021 روپے، ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن کے لیے 85,00,000 روپے اور گرانٹس کی مد میں 48,00,000 روپے مختص کیے گئے ہیں۔ گرانٹس میں سے پریس کلب کے لیے 5,00,000 روپے، سماجی سرگرمیوں کے لیے 28,00,000 روپے اور کھیلوں کی سرگرمیوں کے لیے 15,00,000 روپے مختص کیے گئے ہیں۔ اس موقع پر چیئرمین میونسپل کمیٹی عمر کوٹ خالد سراج سومرو نے کہا کہ مالی سال 2026-27 کے لیے ٹیکس فری بجٹ پیش کیا جارہا ہے اور کوئی نیا ٹیکس عائد نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ عمر کوٹ کو مزید خوبصورت بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جارہے ہیں، جبکہ صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے بھرپور کوششیں جاری ہیں۔ سنہوں نے مزید کہا کہ نئی بھرتیوں پر پابندی کے باعث نئی تقرریاں نہیں کی جاسکیں، جس کی وجہ سے شہر میں صفائی کے نظام کو بہتر انداز میں چلانے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ اس موقع پر مینیجنگ کمپنی پریس کلب عمر کوٹ رسول بخش رحمدامی کی نے پریس کلب اور رحمدامی کرکٹ اکیڈمی کھیلوں کی سرگرمیوں کے لیے فنڈز مختص کرنے پر چیئرمین میونسپل کمیٹی اور ایوان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 12 ﴿قوم کی آواز﴾

کشمیر واسپیکر قانون ساز اسمبلی چوہدری لطیف اکبر، میاں عبدالوحید سید بازل علی نقوی، سردار جاوید ایوب، مختار عباسی، دیوان چنتائی، اشفاق ظفر، ہشمت میر، اعوان سمیت دیگر ٹکٹ ہولڈرز، پارٹی رہنماؤں و کارکنوں کی بڑی تعداد نے ان کا والہانہ اور پرتپاک استقبال کیا۔ بلاول کو سیکڑوں گاڑیوں کے جلوس میں دارالحکومت پہنچایا گیا۔ اس موقع پر سیکیورٹی کے بھی سخت انتظامات کیے گئے۔ بلاول اپنے دورہ مظفرآباد کے دوران پونچھ ڈویژن اور مظفرآباد ڈویژن کے امیدواروں اور رہنماؤں سے ملاقاتیں کریں گے اور آئندہ انتخابی حکمت عملی پر مشاورت بھی کریں گے۔ پیپلز پارٹی آزاد جموں و کشمیر کے صدر چوہدری محمد یاسین نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے اعزاز میں عشائیہ دیا جس میں مظفرآباد اور پونچھ ڈویژن کے پیپلز پارٹی کے امیدوار اور صدور کے علاوہ اور مظفرآباد، نیلم اور جہلم ویلی اضلاع کے پارٹی صدور بھی شرکت کی۔ ادھر مظفرآباد پہنچنے پر وزیراعظم آزاد کشمیر فیصل ممتاز راٹھور نے رفقاء کے ساتھ بلاول بھٹو زرداری کا استقبال کیا۔ چیئرمین بلاول آزاد جموں و کشمیر کی انتخابی مہم کے سلسلے میں جلسوں سے خطاب کریں گے۔ بلاول بھٹو زرداری ریاستی انتخابات تک آزاد جموں و کشمیر میں قیام کریں گے۔ آزاد جموں و کشمیر کے مختلف اضلاع میں انتخابی سرگرمیوں میں شریک ہوں گے عوام کے سامنے پیپلز پارٹی کا انتخابی منشور پیش کریں گے۔

بقیہ نمبر 13 ﴿قوم کی آواز﴾

کنٹری بیوشن کی ادائیگی اور کلیم کی سہولت حاصل کرسکیں گے۔ ان منصوبوں میں صحت اور حادثات سے تحفظ، موبائل ڈیوائس کا تحفظ، ڈیجیٹل لین دین کا تحفظ، چوری سے تحفظ، گھر کا تحفظ اور سٹری تکافل سمیت مختلف نوعیت کی حفاظتی سہولتیں شامل ہیں۔ شراکت کے اس معاہدے پر ایاف یو کے ہیڈ کوارٹرز، واقع کراچی میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران دستخط کیے گئے۔ اس موقع پر بینک اسلامی کے چیف ڈیجیٹل اینڈ اے آئی آفیسر، وقاص انیس، ہیڈ آف ڈیجیٹل پروڈکٹس اینڈ چینلز، حسن سعید اکبر، ہیڈ آف ڈیجیٹل فنانس، سعد تنویر، ای ایف یو جنرل کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر، عبدالستار بلوچ، ای ایف یو لائف کی جنرل منیجر (چینل اسٹریٹجی اینڈ گروتھ) نیلوفر سمیل، اور دونوں اداروں کے دیگر نمائندگان نے شرکت کی۔ یہ شراکت بینک اسلامی کی ڈیجیٹل بینکاری کی خدمات میں مسلسل سرمایہ کاری اور جدت کے فروغ کے عزم کے ساتھ ہم آہنگ ہے۔ اس کے علاوہ، یہ ای ایف یو لائف اور ای ایف یو جنرل کے ساتھ اُس مشترکہ وابستگی کی بھی عکاس ہے کہ ملک بھر میں زیادہ سے زیادہ صارفین تک شریعت کے مطابق تکافل کی سہولتوں تک کی رسائی کو وسعت دی جائے۔ اس اقدام پر اظہار خیال کرتے ہوئے بینک اسلامی کے چیف ڈیجیٹل اینڈ اے آئی آفیسر، وقاص انہیں نے کہا: بینک اسلامی میں ہماری توجہ ایسے ڈیجیٹل نظام کی تشکیل پر مرکوز ہے جو صرف روزمرہ کے مالی لین دین تک محدود نہ ہو بلکہ صارفین کی روزمرہ کی مالی ضرورتوں میں بھی اُن کا ساتھ دے۔ اس اقدام کے ذریعے ہم اپنی ڈیجیٹل صلاحیتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے تکافل کے تحفظ کو زیادہ قابل رسائی اور باکفایت بنا رہے ہیں، تاکہ صارفین اسی پلیٹ فارم کے ذریعے، جسے وہ پہلے ہی بینکاری کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ آسانی سے مختلف تکافل کے ذریعے تحفظ کے حل دریافت اور اختیار کرسکیں۔ یہ شراکت بینک اسلامی، ای ایف یو لائف اور ای ایف یو جنرل کے اُس مشترکہ عزم کی بھی عکاسی کرتی ہے کہ پورے پاکستان میں صارفین کے لیے شریعت کے مطابق تکافل کے تحفظ کی سہولیات کو زیادہ وسیع پیمانے پر قابل رسائی بنایا جائے۔ یہ اقدام بینک اسلامی کی ڈیجیٹل بینکاری کی بڑھتی ہوئی کاوشوں میں ایک اہم اضافہ بھی ہے، کیونکہ بینک اپنے بنیادی من مشنودی نظام سے انسانیت کی نجات کے مطابق اپنے ڈیجیٹل نظام کو مسلسل وسعت دے رہا ہے۔

بقیہ نمبر 14 ﴿قوم کی آواز﴾

میں سینئر صوبائی وزیر نے کہا کہ شہدا اور غازیوں کی قربانیوں کو معمولی قرار دینا افسوسناک امر ہے۔ افواج پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ، سرحدوں کے دفاع اور قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج کی قربانیوں کا احترام ہر پاکستانی کی قومی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔ شہدا کے اہلِ خانہ کی قربانیوں کو نظرانداز کرنا یا ان پر غیر ذمہ دارانہ تبصرے کرنا قابلِ قبول نہیں۔ جمہوریت میں اختلافِ رائے کا سب کو حق ہے، شہداء کے خلاف ہرزہ سرائی قومی یکجہتی کے مفاد میں نہیں۔ شرجیل میمن کا کہنا تھا کہ سیاسی اختلافات کو قومی سلامتی اور وطن کے دفاع سے وابستہ اداروں کے احترام سے الگ رکھنا چاہیے۔ سیاسی و سماجی حلقے ایسی زبان سے گریز کریں جو قومی اداروں اور شہداء کے لواحقین کے جذبات کو ٹھیس پہنچائے

بقیہ نمبر 15 ﴿قوم کی آواز﴾

مسترد کرتے ہوئے ایف بی آر کو قانون کے مطابق ٹیکس واجبات کی وصولی کی کارروائی جاری رکھنے کی اجازت دے دی۔ دوران سماعت بحریہ ٹاؤن کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ نیب نے انسداد منی لانڈرنگ ایکٹ کے تحت راولپنڈی میں 527 کنال اراضی کے عارضی ضبطگی کے لیے عدالت سے اجازت حاصل کی تھی، جس کے بعد جائیداد عدالتی تحویل میں آچکی تھی، لہٰذا ایف بی آر کی جانب سے نیلامی کی کارروائی عدالتی حکم میں مداخلت اور توہین عدالت کے مترادف ہے۔ ایف بی آر کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ عدالتی احکامات سے آگاہ ہونے پر ادارے نے کارروائی روک دی تھی اور 26 ارب 46 کروڑ روپے سے زائد کے ٹیکس واجبات کی وصولی کے لیے عدالت سے باقاعدہ اجازت طلب کی گئی۔ نیب کے ایڈیشنل پراسیکیوٹر نے مؤقف اختیار کیا کہ تفتیشی افسر نے مجاز اتھارٹی کی ہدایت پر قانون کے مطابق عارضی ضبطگی کا حکم واپس لے لیا تھا۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ انسداد منی لانڈرنگ ایکٹ کے تحت عارضی ضبطگی کے لیے پیشگی عدالتی اجازت ضروری ہے، تاہم ضبطگی واپس لینے کے لیے دوبارہ عدالت سے اجازت لینا لازمی نہیں۔ عدالت نے قرار دیا کہ ضبط شدہ جائیداد تفتیشی افسر کی تحویل میں رہتی ہے، اسے عدالتی تحویل قرار نہیں دیا جاسکتا۔ عدالت نے مزید قرار دیا کہ ایف بی آر نے عدالتی احکامات سے آگاہ ہونے پر کارروائی روک کر عدالت سے رجوع کیا، اس لیے جان بوجھ کر عدالتی حکم کی خلاف ورزی ثابت نہیں ہوتی۔

بقیہ نمبر 16 ﴿قوم کی آواز﴾

کے مطابق کراچی کے علاقے گلشن پھاٹک کے قریب کم عمر بچی کا نکاح پڑھانے سے انکار کرنے پر ایک مولوی کو تشدد کا نشانہ بنا دیا گیا، واقعے کا مقدمہ تھانہ اسٹیل ٹاؤن میں پانچ ملزمان کے خلاف درج کرلیا گیا ہے۔ مقدمے کے متن میں کہا گیا کہ مدعی نے مؤقف اختیار کیا کہ کم عمر بچی کا نکاح پڑھانے سے انکار پر انہیں تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ متاثرہ مولوی سعود احمد شر نے بتایا کہ نکاح کے وقت جب انہوں نے بچی کی عمر دریافت کی تو انہیں بتایا گیا کہ اس کی عمر 14 سال ہے، جبکہ دلہے کی عمر تقریباً 40 سال تھی تو میں نے نکاح پڑھانے سے انکار کردیا۔ متاثرہ مولوی کا کہنا تھا کہ کہ قانون کے مطابق نکاح کے لیے مقررہ عمر 18 سال ہے، اس لیے انہوں نے کم عمر بچی کا نکاح پڑھانے سے انکار کیا۔

بقیہ نمبر 17 ﴿قوم کی آواز﴾

سال کے 3.475 ارب ڈالر کے مقابلے میں تقریباً 29 فیصد زیادہ ہے۔ آئی ٹی برآمدات میں اس شاندار اضافے کو سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ، بزنس پراسیس آؤٹ سورسنگ (BPO)، سافٹ ویئر بطور سروس (SaaS) اور گیمنگ کے شعبوں میں ہونے والی غیر معمولی ترقی سے بڑی مدد ملی ہے۔ پاکستانی آئی ٹی کمپنیوں نے روایتی منڈیوں سے ہٹ کر جاپان اور سنگاپور سمیت ایشیا پیسفک کی نئی مارکیٹوں میں اپنی رسائی بڑھائی ہے، جس سے برآمدی آمدنی میں نمایاں اضافہ ہوا۔ اس سلسلے میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے ایک اداروں (SMEs) کی نئی عالمی مارکیٹس میں توسیع نے انتہائی اہم کردار ادا کیا ہے۔ معاشی و کاروباری ماہرین کا کہنا ہے کہ پاکستانی ڈیجیٹل سروسز کی عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی طلب اور نئی مارکیٹوں میں پیش رفت ہی آئی ٹی برآمدات میں اضافے کی بنیادی وجہ ہے۔ پاکستان کی آئی ٹی اور ڈیجیٹل سروسز میں یہ شاندار پیش رفت عالمی منڈیوں میں ملکی برانڈ پر بڑھتے ہوئے اعتماد اور مضبوط ہوتے ہوئے بین الاقوامی معاشی روابط کی واضح عکاس ہے۔

بقیہ نمبر 18 ﴿قوم کی آواز﴾

میٹروپولیٹن کارپوریشن اسلام آباد کی پہلیں منظور کرلیں اور حکم امتناع بھی ختم کردیا، عدالت نے قرار دیا کہ جائیداد کی ملکیت سے متعلق معاملات کا فیصلہ ٹرائل عدالتیں آزادانہ طور پر کریں گی اور وہ اس سلسلے میں سابقہ عدالتی آبزرویشنز سے متاثر نہیں ہوں گی جبکہ انتظامی نوعیت کے معاملات متعلقہ ریگولیٹری ادارے طے کریں گے۔ عدالت نے ٹرائل کورٹس کو ہدایت کی کہ ٹرانزیکشنز سے متعلق مقدمات ک

فیصل کریم کنڈی کا بلغاریہ کی سفیر کے اعزاز میں ظہرانہ

یوسف رضا گیلانی مہمان خاص، محمد عون چوہدری، عبدالقادر گیلانی، نوابزادہ ملک عماد خان سمیت سفارتکار شریک

پشاور (بزنس رپورٹر) گورنر خیبر پختونخواہ فیصل کریم کنڈی کی جانب سے پاکستان میں بلغاریہ کی سفیر آئرینا گیتا ڈیوکا مجمع اکے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام کیا گیا، تہرانے میں چیئرمین سمیت سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر مملکت برائے اوورسیز پاکستانی محمد عون چوہدری، رکن قومی اسمبلی عبدالقادر گیلانی اور سابق وزیر مملکت برائے خارجہ نوابزادہ ملک عماد خان آسٹریا کے ہیڈ آف مشن وولف گینگ اولیور کو چیران بلغاریہ کی سفیر آمرینا کا مجمع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

برآمدات میں اضافے کیلئے مربوط کمرشل ڈپلومیسی ناگزیر ہے: طاہر ایوب

اسلام آباد انڈسٹریل ایسوسی ایشن کے سابق صدر ذکریا ضیاء، افتخار سیٹھی، میاں وقاص مسعود سے بات چیت

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے قائم مقام صدر طاہر ایوب نے کہا ہے کہ پاکستان کو پائیدار برآمدی ترقی، غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ اور علاقائی وعالمی منڈیوں میں اپنی مؤثر موجودگی یقینی بنانے کے لیے کمرشل ڈپلومیسی کو اپنی اقتصادی اور خارجہ پالیسی کا بنیادی ستون بنانا ہوگا۔ انہوں نے پیر کے روز چیمبر ہاؤس میں اسلام آباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

منشیات کے خلاف قومی ایمرجنسی نفاذ کی جائے، رفیع احمد

منشیات سے خاندان کے خاندان تباہ ہورہے ہیں، شیخ منظور، تعلیمی اداروں میں کونسلنگ سینٹر قائم کیے جائیں، ناصر حلجی

کراچی (این این آئی) منشیات کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے جامع حکمت عملی کی ضرورت ہے یہ بات گزشتہ روز تنظیم فرینڈز آف اینٹی نارکوٹکس آف سندھ (فانوس) کے صدر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

گل پلازہ کیس میں ملزمان کی عبوری ضمانت میں 21 جولائی تک توسیع

جوڈیشل مجسٹریٹ نے دوبارہ تفتیش کا حکم دیا ہے تمام ملزمان کے دوبارہ 161 کے بیانات ریکارڈ کروائیں جائینگے، پراسیکیوٹر

کراچی (این این آئی) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت نے گل پلازہ کیس میں ملزمان کی عبوری ضمانت میں 21 جولائی تک توسیع کردی ہے۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

ٹرانسپورٹ انڈسٹری قرضوں میں پھنس گئی، ملک شیر خان

تیل قیمتوں میں اضافے کے باعث شدید مشکلات کا سامنا، چیف ایگزیکٹو شاہین فریٹ سروس آف پاکستان

کراچی (بزنس رپورٹر) شاہین فریٹ سروس آف پاکستان ملک شیر خان کے مطابق 80 فیصد ٹرانسپورٹ انڈسٹری تیل قیمتوں میں اضافے کا دباؤ برداشت نہ کرتے ہوئے کاروبار بند کرنے پر مجبور ہوکر کروڑوں روپے قرضے میں جکڑ چکی ہے یہی وجہ ہے کہ ملک میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

قطری فوج کے ملازم کا نام پی این آئی ایل میں شامل کرنے کیخلاف درخواست پر معلقہ اتھارٹی کو 2 ہفتوں کو میں فیصلہ کرنے کا حکم

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے قطری فوج کے ملازم کا نام پی این آئی ایل میں شامل کرنے کیخلاف درخواست (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

امیروں کی قوت خرید میں اضافہ، ملک میں گاڑیوں کی فروخت 40 فیصد بڑھ گئی

کراچی (این این آئی) ملک میں گاڑیوں کی فروخت 40 فیصد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

کراچی چیمبر کان کنی و معدنیات برآمد کنندگان کے مسائل حل کریگا، محمد ریحان حنیف

5 فیصد ودہولڈنگ سیلز ٹیکس کے نفاذ سے معدنیات کی برآمدات مکمل طور پر رک گئیں، سید محمد اکرم کے ہمراہ محمد رضا، عارف لاکھانی بھی موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) نے کان کنی و معدنیات کے برآمد کنندگان کو درپیش دیرینہ مسائل کے حل کے لیے اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کروائی ہے۔ مائنز اینڈ منرلز ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے سید محمد اکرم کی قیادت میں صدر کے سی سی آئی ریحان حنیف سے ملاقات کی اور فنانس ایکٹ 2026 کے تحت مقامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

پارک کا زراعت میں جدت کیلئے کوریا پارٹنرشپ کے تعاون سے ورکشاپ

مہمان خصوصی اور پروجیکٹ کے پرنسپل انویسٹی گیٹر ڈاکٹر سید مرتضیٰ حسن اندرابی، چیئرمین PARC، نے جدید بریڈنگ اور جینومک ٹیکنالوجیز کی اہمیت پر زور دیا

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل (PARC) نے زراعت میں جدت کے لیے کوریا پارٹنرشپ (KOPIA) کے تعاون سے دو ہفتوں پر مشتمل بین الاقوامی تربیتی ورکشاپ کا افتتاح کیا جس کا عنوان ہے "گائے اور بکری کے لیے بریڈنگ اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

ایران امریکا کشیدگی، عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں، برینٹ خام تیل کی قیمت میں 1.68 ڈالرز یعنی 2 فیصد اضافہ ہوا، جس کے بعد قیمت 84.98 ڈالرز فی بیرل تک پہنچ گئی

کراچی (این این آئی) امریکا اور ایران کے درمیان جاری جوابی کارروائیوں کے باعث عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ برینٹ خام تیل کی قیمت میں 1.68 ڈالرز یعنی 2 فیصد اضافہ ہوا، جس کے بعد قیمت 84.98 ڈالرز فی بیرل تک پہنچ گئی۔ اسی طرح امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل کی قیمت بھی 1.65 ڈالرز یعنی 2.1 فیصد اضافے کے ساتھ 79.79 ڈالرز فی بیرل پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

بھارت نہیں چاہتا کہ پاکستانی مواد کو نیٹ فلکس پر رسائی ملے، فیصل قریشی

اگر کوئی فلم ساز ملک کی اصل تصویر پیش کرے تو بعد میں اس کیلیے پاکستان میں رہنا بھی مشکل ہوسکتا ہے، فیصل قریشی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) معروف پاکستانی اداکار فیصل قریشی نے دعویٰ کیا ہے کہ بھارت نہیں چاہتا کہ پاکستانی مواد کو نیٹ فلکس پر رسائی ملے۔ حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں فیصل قریشی نے انکشاف کیا ہے کہ دو وجوہات کی وجہ سے پاکستانی مواد نیٹ فلکس پر شو نہیں ہو پاتا، ایک یہ کہ بھارتی ناظرین بالکل نہیں چاہتے کہ پاکستانی مواد کو یہ موقع ملے جبکہ دوسری وجہ یہ ہے کہ پاکستان میں نیٹ فلکس کا محدود بزنس ہے۔ پاکستانیوں کے اس سوال پر کہ 'آپ کے خیال میں پاکستانی مواد نیٹ فلکس پر کب نظر آئے گا؟'، انہوں نے جواب دیا کہ 'اگر سچ کہوں تو بھارتی پاکستانی مواد کو نیٹ فلکس پر نہیں دیکھنا چاہتے۔ دوسری بات یہ کہ ہم خود بھی پوری سچائی نہیں دکھاتے جبکہ نیٹ فلکس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

سی پی کے اربن فاریسٹ پروجیکٹ کیلئے 3 اداروں کا اشتراک

فیصل راشد، رزاق پردیسی، ذیشان علی چانگ، عتیق اقبال اور مراد سونی کی خاص موجودگی، مفاہمتی یادداشت پر دستخط

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ماحولیاتی پائیداری کے فروغ اور کراچی میں شہری سبز رقبے کو وسعت دینے کی جانب ایک اہم قدم کے طور پر کمیونٹی پولیسنگ کراچی (سی پی کے گرین پروجیکٹ)، پلانٹ اے ملین پاکستان اور سندھ فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ نے باضابطہ طور پر ایک مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے ہیں تاکہ سرسبز کراچی کے لیے سی پی کے اربن فاریسٹ پروجیکٹ کا آغاز کیا جا سکے۔ یہ اشتراک مربوط شجرکاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

انجمن ترقی اردو پاکستان کا اجلاس، نئی مجلس کا اعلان

واجد جواد صدر، ڈاکٹر یاسمین معتمد اعلیٰ، خرم خازن، حسن عباس نائب معتمد منتخب، زاہدہ حنا اور عبدالباری فرنگی محلی کو خصوصی مشیر منتخب، متعدد ترامیم منظور

کراچی (بزنس رپورٹر) انجمن ترقی اردو پاکستان کے اجلاس عام نے انجمن کے آئین میں متعدد ترامیم کی منظوری سمیت آئندہ تین سال کے لیے متفقہ طور پر بھاری اکثریت کے ساتھ نئی مجلس نظما منتخب کرلی۔ تفصیلات کے مطابق انجمن ترقی اردو پاکستان کی مجلس عام کا اجلاس اردو باغ گلستان جوہر میں منعقدہ ہوا جس میں اراکین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مجلس عام کے اجلاس میں سرپرست رکن حسن عباس نے انجمن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

انڈونیشین سرمایہ کاروں کو سندھ میں بھرپور سرمایہ کاری کی دعوت دیتا ہوں، وزیر اعلیٰ سندھ

سید مراد علی شاہ کا انڈونیشین سفیر لیفٹیننٹ جنرل (ر) چندر اڈبلیو سوکوتجو کے ہمراہ انڈونیشیا پاکستان سرمایہ کاری فورم سے خطاب

قونصل جنرل انڈونیشیا ایچ ای مدذاکر اور ایف پی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر ثاقب فیاض مگوں کا شکریہ، دونوں ایک پلیٹ فارم پر جمع

زبیر موتی والا، عابد نثار، شمعون ذکی، مفتی حمزہ حسن، احمد صوفیان کے ہمراہ انڈونیشین وزارت تجارت کے نمائندے اور بزنس کمیونٹی بھی موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) انڈونیشیا اور پاکستان نے کراچی میں منعقدہ انڈونیشیا۔ پاکستان سرمایہ کاری و کاروباری فورم کے دوران ایک متوازن، پائیدار اور سرمایہ کاری پر مبنی اقتصادی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ یہ فورم اسلام آباد میں جمہوریہ انڈونیشیا کے سفارت خانے اور کراچی میں جمہوریہ انڈونیشیا کے قونصل خانے نے انڈونیشیا انویسٹمنٹ پروموشن سینٹر (IIPC) ابوظہبی کے تعاون سے منعقد کیا، جس میں دونوں ممالک کے حکومتی عہدیداروں، سرمایہ کاری کے اداروں، چیمبرز آف کامرس، کاروباری شخصیات، سرمایہ کاروں اور ماہرین تعلیم نے شرکت کی۔ افتتاحی اجلاس سے کراچی میں انڈونیشیا کے قونصل جنرل ایچ ای مدذاکر (Mudzakir)، فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کے قائم مقام صدر و سینئر نائب صدر ثاقب فیاض مگوں، پاکستان میں انڈونیشیا کے سفیر لیفٹیننٹ جنرل (ر) چندر اڈبلیو. سوکوتجو اور مہمانِ خصوصی وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے خطاب کیا۔ اپنے استقبالیہ خطاب میں قونصل جنرل مدذاکر نے کہا کہ یہ فورم دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے اور تجارتی دلچسپی کو عملی تعاون میں تبدیل کرنے کی انڈونیشیا کی مسلسل کوششوں کا حصہ ہے۔ انہوں نے کراچی کو پاکستان کا تجارتی، صنعتی، مالیاتی اور بحری مرکز قرار دیتے ہوئے کہا کہ قونصل خانہ کاروباری معلومات، قابل اعتماد شراکت داریوں اور منڈی تک رسائی کے فروغ میں اپنا کردار جاری رکھے گا۔ پاکستان کے نجی شعبے کی نمائندگی کرتے ہوئے ثاقب فیاض مگوں نے دونوں ممالک کی معیشتوں کی تکمیلی صلاحیتوں اور 52 کروڑ سے زائد آبادی پر مشتمل مشترکہ مارکیٹ کے وسیع امکانات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے تجارت میں تنوع، کاروبار سے کاروبار (B2B) روابط، بہتر لاجسٹکس اور جامع اقتصادی شراکت داری معاہدے (CEPA) کی جانب پیش رفت پر زور دیا۔ اپنے کلیدی خطاب میں سفیر چندر اڈبلیو. سوکوتجو نے کہا کہ انڈونیشیا اور پاکستان کو اپنی دیرینہ دوستی کو ٹھوس اقتصادی نتائج میں تبدیل کرنا چاہیے۔ انہوں نے انڈونیشیا کو 28 کروڑ سے زائد آبادی پر مشتمل ایک بڑی منڈی، مضبوط صنعتی مرکز، سرمایہ کاری کی منزل اور آسیان (ASEAN) کا گیٹ وے قرار دیتے ہوئے کہا کہ مستقبل کا CEPA تجارت، سرمایہ کاری، خدمات، معیارات، کسٹمز طریقہ کار اور سپلائی چین رابطوں پر مشتمل ایک جامع فریم ورک فراہم کرے گا۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے اپنے خطاب میں سندھ میں بین الاقوامی سرمایہ کاری کے فروغ کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے مینوفیکچرنگ، زراعت، دواسازی، قابلِ تجدید توانائی، صحت، بنیادی ڈھانچے، لاجسٹکس، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور ڈیٹا سینٹرز سمیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع اجاگر کیے۔ انہوں نے انڈونیشی سرمایہ کاروں کو سندھ میں شراکت داری کے مواقع سے فائدہ اٹھانے کی دعوت دی۔

☆☆☆

پاکستان کا امن، استحکام اور عالمی سطح پر باوقار مقام ہمارے شہداء کی عظیم قربانیوں کا ثمر ہے، گورنر سندھ

ریاست کی بقا شہداء کے خون کی مرہونِ منت ہے گورنر ہاؤس میں میٹرک امتحانات کے پوزیشن ہولڈرز طلبہ کے اعزاز میں تقریب سے خطاب

تقریب میں چیئرمین میٹرک بورڈ پروفیسر مشرف علی راجپوت، ناظم امتحانات احمد خان، بورڈ کے افسران، اساتذہ، طلبہ، والدین اور دیگر معززین کی شرکت

سید نہال ہاشمی نے پوزیشن ہولڈرز بچوں کو تعریفی اسناد اور نقد رقم بھی دی، اسٹریٹ کرائمز اور گزشتہ شب ایک ڈاکٹر کے قتل کے واقعے پر اظہار افسوس

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ آج پاکستان کا امن، استحکام اور عالمی سطح پر باوقار مقام ہمارے شہداء کی عظیم قربانیوں کا ثمر ہے۔ ریاست کی بقا شہداء کے خون کی مرہونِ منت ہے، اس لیے وطن کے دفاع، سلامتی اور ترقی پر پوری قوم کو متحد ہونا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کراچی میں میٹرک امتحانات میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کے اعزاز میں منعقدہ تقریب کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ ہم اپنے شہداء کے خون کے مقروض ہیں اور ان کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پوری دنیا کی نظریں پاکستان پر ہیں اور دشمن قوتیں ملک کو کمزور دیکھنا چاہتی ہیں۔ دہشت گردی کے پیچھے بھارت کے مذموم عزائم کارفرما ہیں، جو اپنی ناکامیوں کا بدلہ پراکسی وار کے ذریعے لینا چاہتا ہے، لیکن پاکستان کی مسلح افواج بہادری سے ان سازشوں کا مقابلہ کر رہی ہیں اور قوم کے جان و مال کے تحفظ کے لیے عظیم قربانیاں دے رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وطن کے دفاع کے لیے پوری قوم ہر قربانی دینے کے لیے تیار ہے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ حالیہ عرصے میں ملک میں سیاسی ماحول میں بہتری آئی ہے اور امید ہے کہ تمام سیاسی قوتیں قومی مفاد کو مقدم رکھیں گی۔ انہوں نے کہا کہ اندرونی اختلافات کا حل پارلیمنٹ اور آئینی فورمز پر تلاش کیا جانا چاہیے۔ اختلافِ رائے جمہوریت کا حسن ہے، تاہم نفرت، تشدد، گالی گلوچ اور انتشار کی سیاست سے اجتناب کرتے ہوئے مثبت، مہذب اور تعمیری سیاسی رویوں کو فروغ دینا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مثبت اور پرامن شناخت کو دنیا کے سامنے اجاگر کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ گورنر سندھ نے مولانا فضل الرحمٰن کے شہداء سے متعلق بیان پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ "شہید کی جو موت ہے، وہ قوم کی حیات ہے۔" یہی ہمارے دین کا فلسفہ ہے۔ ریاست کی بقا اور سلامتی شہداء کی عظیم قربانیوں کی مرہونِ منت ہے۔ شہداء پوری قوم کا مشترکہ سرمایہ ہیں، ان پر کسی اختلاف کی گنجائش نہیں۔ مولانا فضل الرحمٰن کے حالیہ بیان سے شہداء کے اہلِ خانہ اور پوری قوم کو رنج پہنچا ہے۔ امید ہے کہ وہ اپنے الفاظ پر نظرِ ثانی کرتے ہوئے انہیں واپس لیں گے کیونکہ شہداء کے بارے میں ایسے الفاظ سے پوری قوم کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ شہید ہمیشہ زندہ رہتا ہے، یہی اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ ایک سوال کے جواب دیتے ہوئے گورنر سندھ نے کہا کہ کراچی میں اسٹریٹ کرائمز اور گزشتہ شب ایک ڈاکٹر کے قتل کے واقعے پر اظہارِ افسوس کرتے ہوئے گورنر سندھ نے کہا کہ ایک بے گناہ انسان کا قتل پوری انسانیت کا قتل ہے۔

☆☆☆